# درود تاج

درود تاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ

رحمت نازل فرما جو صاحب تاج و معراج

وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ط دَافِعِ الْبَلَآءِ

اور براق والے اور جھنڈے والے ہیں جن کے وسیلے

وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ط

سے بلا وباء قحط مرض اور دُکھ دُور ہوتا ہے۔

اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ

آپ کا نام نامی لکھا گیا بلند کیا گیا قبول شفاعت

مَّنْقُوْشٌ فِى اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ط سَيِّدِ

کیا گیا اور لوح و قلم میں کھدا ہوا ہے۔ آپ

براق پبلشرز

نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ وَسِیْلَتِنَا فِی

حرمین کے نبی دونوں قبلوں (بیت المقدس و کعبہ) کے پیشوا اور

الدَّارَیْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ

دنیا و آخرت میں ہمارے وسیلہ ہیں وہ جو مرتبہ قاب قوسین

مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَیْنِ

پر فائز ہیں دو مشرقوں اور دو مغربوں کے رب کے

جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ مَوْلٰنَا وَمَوْلَی

محبوب ہیں حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین کے جدِ امجد اور

الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ

ہمارے اور تمام جن و انس کے آقا ہیں یعنی ابی القاسم محمد بن عبد اللہ

نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰہِ ط یَآاَیُّھَا الْمُشْتَاقُوْنَ

جو اللہ کے نوروں میں سے ایک نور ہیں اے نورِ جمالِ محمدیؐ کے مشتاقو!

بِنُوْرِ جَمَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

آپؐ پر اور آپؐ کی آل پر اور آپؐ کے صحابہ پر درود و سلام بھیجو

وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝

جو بھیجنے کا حق ہے۔